© rasailojaraid.com



اندازہ ہو کہ یہ خاتون ہے۔ لباس مکمل طور پر ساتر ہو۔ قمیص کے ساتھ پاجامہ ہو تو اس سے جسم کے پیچ و خم بھی نظر آتے ہیں۔ اس لیے یہ لباس، لباسِ ساتر نہیں ہے۔

۴- جہاں پر مرد موجود نہ ہوں صرف خواتین ہوں وہاں دوپٹا اوڑھنے کی رخصت ہے۔ جہاں غیر محرم مردوں کی آمد و رفت جاری رہتی ہو وہاں پورے ستر کو ڈھانپ کر رکھنا ضروری ہے۔

۵- ادارے کی اشیا کو بغیر اجازت استعمال میں لانا جائز نہیں۔ البتہ خالہ، ماموں اور چچا کے گھر سے کھانے پینے کی چیزیں اس وقت استعمال کی جاسکتی ہیں، جب کہ صراحت سے یا عرفاً اجازت ہو۔

۶- خواتین ٹوپیاں استعمال نہ کریں کیونکہ ان میں مردوں کے لباس کے ساتھ مشابہت موجود ہے اور خواتین کو مردانہ یا اس سے مشابہ لباس پہننے کی اجازت نہیں۔

۷- ابرو کے درمیان والے بال کیمیکل سے صاف کر دینا یا استرے سے منڈوانا جائز نہیں ہے۔

واللہ اعلم! (ع-م)

---


**پاکستان ایک خوش حال، بابرکت اسلامی ملک بن سکتا ہے!**

**ضرورت ــــ راستے کے تعین اور مسائل سے آگاہی کی ہے!**

| | | |
|---|---|---|
| ہم کیسا پاکستان بنائیں گے؟ | قاضی حسین احمد | ۶/- |
| پاکستان کہاں کھڑا ہے؟ | خرم مراد | ۲.۲۵/- |
| نجات کا راستہ: احتساب | پروفیسر خورشید احمد | ۲.۲۵/- |
| مسائل کی جہنم | خرم مراد | ۲.۲۵/- |
| قومی بحران کا اصل حل | خرم مراد | ۲.۲۵/- |
| ایک ہی راستہ --- جدوجہد! | قاضی حسین احمد | ۲.۲۵/- |
| راہ و منزل | خرم مراد | ۲.۲۵/- |

یومِ آزادی پر خود پڑھیے دوستوں کو تحفہ دیجیے

منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: 5425356 فیکس: 7832194

کراچی: ڈیسنٹ بک پوائنٹ، A/57، بلاک 5، گلشن اقبال، کراچی۔ فون: 4967661


© rasailojaraid.com